ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((402

17-07-2022

بہاول پور( )ایس پی انویسٹی گیشن ارسلان زاہد کا گزشتہ رات پولیس تھانہ قائمپور کا وزٹ، تکمیل ریکارڈ اور مقدمات کو میرٹ پر یکسو کرنے کی ہدایت کی۔

تفصیل کے مطابق ایس پی انویسٹی گیشن نے گزشتہ روز تھا پولیس تھانہ قائم پور کا وزٹ کیا۔اس موقع پر متعلقہ ایس ڈی پی او اور ایس ایچ او تھانہ بھی موجود تھے۔ایس پی انویسٹی گیشن نے تھانہ میں محرر آفس، مالخانہ،فرنٹ ڈیسک اور تھانہ کے ریکارڈ کا ملاحظہ کیا۔سی سی ٹی وی کیمرہ جات وحوالات میں بند ملزمان کو بھی چیک کیا اور ملزمان کی تفصیلات حاصل کیں۔انہوں نے افسران سے بات کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر ہی کیے جائیں ان کے ساتھ بہتر رویہ اپنائیں۔عوام کی خدمت اور ان کے جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔انہوں نے فرنٹ ڈیسک پر ریکارڈ کی تکمیل کا بھی جائزہ لیا اور کہا کہ تکمیل ریکارڈ میں کسی بھی قسم کی سستی ولاپرواہی کو ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا اور تھانہ میں صفائی پر خاص توجہ ہونی چاہیے۔انہوں نے تھانہ کے زیر تفتیش مقدمات کے بارہ میں بریفنگ بھی لی اور افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا مقدمات کو میرٹ پر جلد از جلد یکسو کریں تاکہ انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: ایس پی انویسٹی گیشن ارسلان زاہد کا گزشتہ رات پولیس تھانہ قائمپور کا وزٹ

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((403

17.07.2022

بہاول پور() پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گذشتہ 15 روز کی کارکردگی ، 141 اشتہاریوں اور 16 عدالتی مفروران سمیت 288 ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات اورغیر قانونی اسلحہ برآمد، مقدمات درج۔ضلع میں جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے، معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جائے گا، ڈی پی او عبادت نثار۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان کے احکامات کی روشنی میں بہاول پور پولیس نے مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے درجنوں ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے داؤ پر لگی رقم ،منشیات اورغیر قانونی اسلحہ برآمد کرلیا۔تھانہ اوچ شریف ،سمہ سٹہ، سٹی احمد پور شرقیہ، سٹی حاصلپور، صدر احمد پور شرقیہ، صدر بہاولپور اور چنی گوٹھ پولیس نے قمار بازوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 12 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے داؤ پر لگی ہوئی لاکھوں روپے اور جواء کا سامان برآمد کرلیا۔شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے کو46 ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 2970 لیٹر دیسی شراب ، 3310 لیٹر لہن معہ 18 چالو بھٹیاں برآمد کرلیں۔ منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں میں 48 ملزمان کو گرفتار کرکے 37400 گرام چرس برآمد کرلی۔ پولیس نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 31 ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 27 عدد پسٹل 30 بور، 01 کلاشنکوف اور 03 ریوالور 32 بور برآمد کر لیے۔مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ضلع بھر کی پولیس نے کیٹگری "A" کے 12 اور "B" کے 129 سمیت 141 مجرم اشتہاریوں کے علاوہ اور کیٹگری B کے 16 عدالتی مفروران کو بھی گرفتار کر کے چالان عدالت کیا گیا۔اسی طرح پولیس نے نیشنل ایکشن پلان کے تحت کاروائیاں کرتے ہوئے ساؤنڈ سسٹم اور عارضی رہائش ایکٹ میں 06 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے۔ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ ضلع میں جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے، معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((404

17-07-2022

بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایت پر مسیحی عبادت گاہوں پر ہونے والی عبادت کے حوالے سے سیکیورٹی کے سخت انتظامات، سینکڑوں پولیس افسران واہلکار ڈیوٹی پر تعینات، متعلقہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے سیکیورٹی پلان کے مطابق پولیس افسران کو چیک کیا، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے، ڈی پی او۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او عبادت نثار کی ہدایت پر اتوار کے روز ہونے والے پروگرامز کے لیے مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران واہلکاران تعینات کیے گئے تھے، چھتوں پر بھی پولیس ملازمان کو تعینات کیا گیا۔ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ بعدازاں سیکیورٹی سکینینگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔اس موقع پر ڈی پی او عبادت نثار نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عبادت گاہوں میں بھی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، ایسے مقامات کی سیکیورٹی اور امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

ترجمان پولیس بہاولپور

بہاول پور: مسیحی برادری کی عبادت گاہوں پر پولیس کے افسران اور اہلکاران ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے۔